Daily PUBLIC KARACHI
روزنامہ پبلک کراچی
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 12 | ہفتہ 03 اکتوبر 2026ء 20 ربیع الثانی 1448ھ | صفحات 4 قیمت 5 روپے | شمارہ 192

نبی پاک ﷺ کی مسجد کو بجلی فراہمی کے نظام پر حملہ قابل قبول ہے، ترجمان دفتر خارجہ

یمنی حوثیوں کے مدینہ منورہ کے گرڈ اسٹیشن پر ڈرون حملہ سے کروڑوں مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے، ترجمان دفتر خارجہ

حرمین شریفین کے تحفظ اور مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ میں زائرین کی سلامتی یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات جاری رکھے جائیں گے

اسلام آباد (صباح نیوز) یمن کے حوثیوں کے مدینہ منورہ کے گرڈ اسٹیشن پر ڈرون حملہ کیا گیا، پاکستان نے حملے کی شدید مذمت کی اور سعودی عرب سے اظہار یکجہتی کیا ہے۔ فیرمنگی خبر رساں ادارے کے مطابق یمنی حوثیوں کے مدینہ منورہ کے گرڈ اسٹیشن پر ڈرون حملے میں بجلی کا ایک ٹرانسفارمر جزوی طور پر غیر فعال ہوگیا، ترجمان کے مطابق متعلقہ نظام کی تنصیبات، شواہد اور حملے میں استعمال ہونے والے ڈرون کے ملبے کے تجزیے سے اس حملے کی منصوبہ بندی اور اس پر عمل درآمد میں حوثی ملیشیا کے ملوث ہونے کی تصدیق ہوئی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ حملے کے نتیجے میں بجلی کا ایک ٹرانسفارمر جزوی طور پر غیر فعال ہوا تاہم عمومی طور پر (بقیہ نمبر 5)


اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر عطیہ عباسی ملاقات کر رہے ہیں

9 مئی جیسے حالات پیدا کرنے کی کوشش کی گئی تو سختی سے نمٹا جائے گا، کور کمانڈرز کانفرنس

قوم کی حمایت کیساتھ مسلح افواج پاکستان کی خودمختاری علاقائی سالمیت قومی سلامتی کے تحفظ کیلئے مکمل تیار ہیں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر

افغانستان سے ہونے والی دہشتگردی کے خلاف ٹارگیٹڈ کارروائیاں پاکستان کا دفاعی حق ہیں، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے زمینی کارروائیوں کے ساتھ بہترین انتظامی اور گورننس کے اقدامات ناگزیر ہیں

پرتشدد انتشار یا 9 مئی جیسے حالات پیدا کرنے کی کسی بھی کوشش سے نمٹا جائے گا، مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل کیا جائے، فورم

راولپنڈی (سی این پی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی زیر صدارت کور کمانڈرز کانفرنس میں واضح کیا گیا ہے کہ کسی بھی جارحیت یا 9 مئی جیسے حالات پیدا کرنے کی کسی بھی کوشش سے نمٹا جائے گا، افغانستان سے ہونے والی دہشتگردی کے خلاف ٹارگیٹڈ کارروائیاں پاکستان کا دفاعی حق ہیں، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے زمینی کارروائیوں کے ساتھ بہترین انتظامی اور گورننس کے اقدامات ناگزیر ہیں، مسئلہ کشمیر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 7 دہشت گرد ہلاک

فورسز نے جنگی مہارت کے ساتھ دہشت گردوں کا تعاقب کیا اور فیصلہ کن کارروائی کرتے ہوئے ان کے ٹھکانوں کو تباہ کر دیا

سیکیورٹی فورسز عوم انحکام ویژن کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے پرعوم میں سیکیورٹی ذرائع

شمالی وزیرستان (دیب نیوز) شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 7 دہشت گرد ہلاک

بھارتی ایما پر 7 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے والے وطن کے بہادر بیٹوں پر پوری قوم کو فخر ہے، وفاقی وزیر داخلہ

آپریشن میں 7 دہشت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)


اسلام آباد، ڈائریکٹر جنرل عاصم اقبال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت اور اپوزیشن کے مذاکرات کا پہلا دور بے نتیجہ ختم، آج پھر بات چیت ہوگی، بیرسٹر گوہر

عدالتیں اپنا کام کر رہی ہیں اور حکومت لانگ مارچ سے متعلق عدالتی فیصلوں پر عمل درآمد یقینی بنائے گی، رانا ثناءاللہ

رانا ناصر عباس کا عدالتی فیصلوں پر عمل درآمد نہ ہونے اور بانی پیرمین سے ملاقاتوں پر پابندی کے حکومتی اقدامات پر مایوسی کا اظہار

اسلام آباد (آئی این پی) حکومت اور اپوزیشن کے درمیان سیاسی معاملات پر مذاکرات کے پہلے دور میں فریقین کمی لچک کا مظاہرہ کیے بغیر مذاکرات کے دوسرا دور آج (ہفتہ کو) ہوگا۔ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان جمعے کے روز اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کے چیمبر کے کمیٹی روم میں مذاکرات ہوئے۔ حکومت کی جانب سے مذاکراتی وفد کی قیادت اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کی جب کہ دیگر ارکان میں وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری، وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری اور رانا ثناءاللہ بھی شریک تھے، اپوزیشن کی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

امیر جماعت اسلامی کی طرح پی ٹی آئی قیادت کو فون کی ضرورت نہیں، رانا تنویر حسین

مزید کے (سی این پی) وفاقی وزیر تنویر حسین نے کہا ہے کہ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم کی طرح پی ٹی آئی قیادت کو فون کرنے کی ضرورت نہیں، پی ٹی آئی قیادت روزانہ اسمبلی میں ہمارے ساتھ بیٹھتی ہوتی ہے، وزیراعظم شہباز شریف خود چار مرتبہ براہ راست پی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

معاون خصوصی بارون اختر کی زیر صدارت اجلاس

اسلام آباد میں جیم سٹون مرکز کے قیام بارے اقدامات کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (سی این پی) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار بارون اختر خان کی زیر صدارت جیم سٹون کے مرکز کے قیام سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا، اس میں وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر راؤ احسان اقبال، ایڈیشنل سیکرٹری عمیر اضیا لغمی اور جوائنٹ سیکرٹری فرید ون اکرم بیگ نے شرکت کی۔ وزارت صنعت و پیداوار کے مطابق اجلاس کے دوران وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جدید ترین جیم سٹون کے مرکز، ریسرچ اور ٹریننگ کے مشترکہ انتظامات، سہولیات کی فراہمی اور قیام کے لیے درکار وسائل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ بارون اختر خان نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایات کے مطابق جیم سٹون کے لیے مالی معاونت کا پیکیج مرکز قائم کیا جائے گا۔ اس سے ملک میں زرمبادلہ کی آمد میں معاشی ترقی اور برآمدات بڑھانے کی صلاحیت موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ کان کنی اور پراسیسنگ کے مراحل میں قیمتی پتھر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)


اسلام آباد، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

لاہور، مختلف حادثات میں 5 افراد جاں بحق

4 سالہ نوجوان ٹرک کے نیچے آکر جان کی بازی ہار گیا

لاہور (سی این پی) لاہور کے مختلف علاقوں شیخوپورہ، شاہدرہ، ہربنس پورہ، چیمبل ٹاؤن اور مغلپورہ میں مختلف واقعات کے دوران 5 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ایدھی ترجمان کے مطابق شیخوپورہ، پاکستان انٹرنیشنل کے قریب 28 سالہ شخص فٹ پاتھ کے کنارے مردہ حالت میں پایا گیا، شاہدرہ، چیمبل ٹاؤن اور مغلپورہ میں مختلف حادثات میں 4 افراد جاں بحق ہو گئے، 45 سالہ شخص دوران علاج دم توڑ گیا، چیمبل ٹاؤن، دو روز قبل ہسپتال کے قریب سڑک (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

اسلام ایف کا منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن، 4 ملزمان گرفتار

کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 924.18 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی، ترجمان

لاہور (سی این پی) انٹی نارکوٹکس فورس کی جانب سے تعلیمی اداروں کے اطراف اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، 3 کارروائیوں کے دوران 4 ملزمان گرفتار کر کے مجموعی طور پر 924.18 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق انٹی نارکوٹکس فورس کی ٹیم کے ایک گاڑی سے 784 گرام وزنی 5654 عدد (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

ساحل گل پلازہ مقدمے میں قتل کی دفعہ شامل کرنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

دکانداروں کے وکیل کا بلدیہ فیکٹری کیس کی طرز پر قتل کی دفعہ شامل کرنے کا مطالبہ

کراچی (سی این پی) جوڈیشل مجسٹریٹ جتوئی نے ساحل گل پلازہ کے مقدمے میں قتل کی دفعہ شامل کرنے کی دکانداروں کی درخواست پر وکلا کے دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ کرلیا، سماعت کے دوران مقدمے میں نامزد ملزمان تنویر پراچہ، رمضان، امین، عمار نعمت اللہ اور مدینہ عدالت میں پیش ہوئے۔ دکانداروں کے وکیل صمد اللہ قادری ایڈووکیٹ نے موقف اختیار کیا کہ گل پلازہ کا واقعہ بلدیہ فیکٹری کیس جیسا ہے، اس لیے مقدمے میں قتل کی دفعہ شامل کی جائے اور دکانداروں کو بھی مقدمے میں فریق بنایا جائے۔ وکیل صفائی جاوید میر ایڈووکیٹ نے درخواست کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ درخواست قابل سماعت نہیں، جبکہ سانحہ بلدیہ فیکٹری اور گل پلازہ کے واقعات میں فرق ہے۔ ان کے مطابق سانحہ بلدیہ میں فائر سیفٹی انتظامات کی عدم موجودگی کا واقعہ عمداً ہوا تھا جبکہ گل پلازہ کا واقعہ حادثہ ہے۔ پراسیکیوٹر حسن بھٹی نے بھی درخواست کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ سا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

برآمد کنندگان معیشت کے سپاہی ہیں

عالمی اقتصادی محاذوں پر پاکستان کا دفاع کر رہے ہیں: پی ایچ ایم اے

کراچی (سٹی رپورٹر) پاکستان ہوزری مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پی ایچ ایم اے) کے صدر زاہد سعید نے کہا ہے کہ برآمد کنندگان پاکستان کی معیشت کے سپاہی ہیں جو عالمی اقتصادی محاذوں پر پاکستان کا دفاع کر رہے ہیں۔ پاکستان کا منصوبہ جاتی و ٹیکنائل سیکٹر قومی اقتصادی ترقی اور زرمبادلہ کے حصول میں سب سے بڑا کردار ادا کرنے والے شعبوں میں شامل ہے، جس نے متعدد چیلنجز کے باوجود گزشتہ ایک دہائی کے دوران برآمدات میں 44 فیصد اضافہ حاصل کیا ہے۔ پاکستان کی ٹیکسٹائل برآمدات 2015-16 میں 12.447 ارب امریکی ڈالر سے بڑھ کر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)


سیکرٹری اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ اور دیگر دربار پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کرک، گیس لیکیج سے دھماکا، پانچ خواتین جاں بحق، 10 افراد زخمی، گھر کی عمارت کو بھی شدید نقصان پہنچا، پولیس ترجمان

کرک (سی این پی) کرک میں گھر کے اندر گیس کی لیکیج سے ہونے دھماکے میں پانچ خواتین جاں بحق اور 10 افراد زخمی ہو گئے، پولیس ترجمان کے مطابق آج دوپہر کے کھانے کے وقت گھر میں گیس لیکیج سے دھماکا ہوا جس کے نتیجے میں ماں اور 2 سالہ بچی موقع پر جاں بحق ہو گئیں، پولیس ترجمان نے بتایا کہ دھماکے میں 10 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں، جن میں سے پانچ اور خواتین بھی شامل ہیں، تمام زخمیوں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

مدینہ منورہ پر حملہ امت مسلمہ کے دلوں اور عقیدے پر حملہ ہے

مدینہ منورہ پر حملے کی خبر سے دل رنجیدہ اور رزگی ہیں، مفتی منیب الرحمن

اسلام آباد (سی این پی) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے مدینہ منورہ پر حوثیوں کے حملے کی خبر پر گہرے دکھ اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مدینہ منورہ پر حملے کی خبر سے دل رنجیدہ اور زخمی ہے، مقدس شہر پر حملے کی جسارت سفاکیت کی انتہا ہے۔ ایک بیان میں مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ مدینہ منورہ پر حملے کی جسارت امت کے ہر مسلمان کے دل کو زخمی کرنے کا سبب بنی ہے، مقدس شہر پر حملے کی جسارت سفاکیت کی انتہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مدینہ منورہ پر حملہ عالم اسلام کے دلوں اور عقیدے پر حملہ ہے، یہ صرف مملکت سعودی عرب پر نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ پر حملہ ہے۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ امت مسلمہ کو یکجا ہو کر حملہ آوروں کا مقابلہ کرنا ہوگا، مسلمان حکمراں اگر حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے متحد نہیں ہوں گے تو پھر کب ہوں گے؟ انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین کا تحفظ تمام جمعیت علمائے اسلام کے بنیادی مقاصد میں شامل ہے۔

جب تک اندرونی نظام درست نہیں ہوتا، داخلی سیکیورٹی کو خطرہ رہے گا، نواز مریم

پاکستان کی ترقی اور عوام کی خدمت کیلئے اپنی خدمات بہتر بنائی ہیں، پاکستان نے بھارت کو جنگ میں بھرپور جواب دیا

دہشتگرد جہاں سے بھی آئے وہ دہشتگرد ہی ہے، اس کی کوئی درجہ بندی نہیں ہوتی، لیڈرشپ کورس کے شرکا سے خطاب

لاہور (صباح نیوز) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ دہشتگرد جہاں سے بھی آئے وہ دہشتگرد ہی ہے، اس کی کوئی درجہ بندی نہیں ہوتی، جب تک اندرونی نظام درست نہیں ہوتا داخلی سیکیورٹی کو خطرہ رہے گا، لیڈرشپ کورس کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان نے بھارت کو جنگ میں بھرپور جواب دیا، مسلح افواج دہشتگردی کا بھرپور مقابلہ کر رہی ہیں، دنیا میں پاکستان کا ایک تاثر ہے، ہماری افواج کا بہت اچھا تاثر ہے، سرحدی افسران ایمانداری اور لگن سے کام کریں، پاکستان کی ترقی اور عوام کی خدمت کیلئے اپنی خدمات بہتر بنائی ہیں، انہوں نے کہا کہ پاکستان نے بھارت کو جنگ میں بھرپور جواب دیا، پاکستان کی ترقی کو خطرہ رہے گا، آپ سب سے ملاقات کر کے بہت اچھا لگا، مریم نواز نے کہا کہ جب تک اندرونی نظام درست نہیں ہوتا داخلی سیکیورٹی کو خطرہ رہے گا، آپ سب سے ملاقات کر کے بہت اچھا لگا، سب سے پہلے ہم سب پاکستانی ہیں، پھر پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ہیں، ہمارا زوال وہاں سے شروع ہوا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

دبئی میں پاکستان کے قونصل جنرل رجب حسین بھٹی، بینک آف پاکستان (NBP) کے نمائندوں کے ہمراہ پاکستان بھنس ریمٹینس سسٹم (PRRS) کے آغاز کے موقع پر لیک کاٹ رہے ہیں۔

ڈپٹی وزیراعظم کی دبئی واقعے میں ایران کا تعلق نکلا تو سخت حملہ کریں گے، ٹرمپ کی دھمکی

واقعے کے محرکات ابھی واضح نہیں ہیں اور متحدہ عرب امارات سمیت متعلقہ حکام تحقیقات کر رہے ہیں

تحقیقات جاری ہیں اور ان کے پاس موجود معلومات کی بنیاد پر ایران کے تعلق کا امکان موجود ہے

واشنگٹن (دیب نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے خبردار کیا ہے کہ اگر تحقیقات میں دبئی کی اسرائیل جانے والی پرواز پر حملے میں ایران کے ملوث ہونے کا ثبوت ملا تو اسے "بہت سخت مارا جائے گا"۔ یہ انتباہ انہوں نے پیر کے روز ایک بیان میں دیا، جس کے متعلقہ اداروں کے ترجمان نے بتایا کہ دبئی کے حکام نے اتحاد ایئرویز کی پرواز پر حملے کی تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ ٹرمپ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اگر ان کی انتظامیہ کو اس واقعے کا ذمہ دار ایران ثابت ہوا تو اسے "بہت سخت مارا جائے گا"۔ یہ دھمکی انہوں نے ایک بیان میں دی، جس کے متعلقہ اداروں کے ترجمان نے بتایا کہ دبئی کی اسرائیل جانے والی پرواز پر حملے میں ایران کے ملوث ہونے کا ثبوت مل



اداریتی صفحہ

استحکام کی منزل اور معاشی اصلاحات کا اگلا مرحلہ

لندن میں وزیر اعظم شہباز شریف کی دنیا کے بڑے مالیاتی اداروں کے اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں پاکستان کی معیشت کے بارے میں عالمی مالیاتی حلقوں کو ایک واضح پیغام دینے کی کوشش ہیں۔ بلاشبہ، بے پی مورگن، سٹی، بلیک راک اور روتھ شیلڈ اینڈ کو کے نمائندوں سے الگ الگ ملاقاتوں میں معاشی اصلاحات، سرمایہ کاری، کموڈٹی مارکیٹس، ڈیجیٹل اثاثوں، کارپوریٹ پیداواری اور پاکستان میں عالمی مالیاتی اداروں کی سرگرمیوں میں توسیع پر بات ہوئی۔ وزیر اعظم نے ان ملاقاتوں میں اپنی حکومت کی معاشی پالیسیوں اور استحکام کے لیے کیے گئے اقدامات کو مثبت اور تعمیر خیز قرار دیا۔ سوال یہ ہے کہ ان اقدامات میں وہ کیا چیزیں شامل ہیں جن کی بنیاد پر حکومت یہ دعویٰ کر رہی ہے کہ پاکستان کی معیشت اب بحران سے نکل کر استحکام کی طرف بڑھ رہی ہے؟ گزشتہ دو برس میں حکومت کی بنیادی ترجیح قومی معاشی بحران کو قابو کرنا رہی ہے۔ مالیاتی خسارے پر قابو پانے، بنیادی سرپلس پیدا کرنے، ٹیکس وصولیوں میں اضافہ، اخراجات پر کنٹرول، توانائی کے شعبے میں اصلاحات اور بیرونی کھاتے کو مستحکم کرنے کی کوششیں اسی پالیسی کا حصہ ہیں۔ عالمی مالیاتی فنڈ کے مطابق مالی سال 2026 میں بنیادی سرپلس کا ہدف جی ڈی پی کے 6.1 فیصد کے برابر رکھا گیا، جبکہ مالی سال کی پہلی ششماہی میں بنیادی سرپلس 2.3 فیصد جی ڈی پی تک پہنچا تھا۔ ٹیکس نظام میں اصلاحات بھی حکومت کے ایجنڈے کا اہم حصہ ہیں۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو میں ڈیجیٹل انوائسنگ، پیداواری نگرانی، ٹیکس آڈٹ اور ادارہ جاتی اصلاحات کے ذریعے ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنے کی کوشش کی جاری ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ پاکستان میں ٹیکس کا بوجھ اب بھی معیشت کے حجم کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہے، جبکہ بڑے غیر رسمی اور کم پیداواری شعبے مکمل طور پر ٹیکس نظام میں نہیں آ سکے۔ اس لیے صرف ٹیکس شرحیں بڑھانا پائیدار حل نہیں۔ اس کامیابی اس وقت ہوگی جب ٹیکس دہندگان کی تعداد بڑھے، کاروبار کے لیے قواعد واضح ہوں اور ٹیکس وصولی انسانی مداخلت کے بجائے ڈیجیٹل نظام سے زیادہ مربوط ہو۔ توانائی کا شعبہ شاید معاشی اصلاحات کا سب سے مشکل محاذ ہے۔ حکومت نے بجلی کے نرخوں میں لاگت کے مطابق ایڈجسٹمنٹ، ڈسکوز کی کارکردگی بہتر بنانے اور گردشی قرضے کے بہاؤ کو روکنے کے لیے اقدامات کیے ہیں۔ لیکن یہ حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ مہنگی بجلی پاکستانی صنعت اور عام صارف دونوں کے لیے بڑا مسئلہ ہے۔ اسی طرح سرکاری اداروں کی اصلاح اور نجکاری کا معاملہ بھی فیصلہ کن اہمیت رکھتا ہے۔ حکومت اگر واقعی ریاستی اداروں کا بوجھ کم کرنا چاہتی ہے تو اسے محض چند اداروں کی نجکاری تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ اس سوال کا جواب دینا ہوگا کہ ریاست کاروبار کیوں کرے اور کہاں تک کرے۔ ایسے ادارے جو مسلسل قومی خزانے پر بوجھ ہیں، ان کے بارے میں شفاف، مسابقتی اور میرٹ پر مبنی فیصلے ضروری ہیں۔ آئی ایم ایف نے بھی ریاستی ملکیت کے دائرے کو محدود کرنے، سرکاری اداروں کی اصلاح اور نجی شعبے کی سرگرمیوں کے لیے زیادہ سازگار ماحول پیدا کرنے کو پائیدار ترقی کے لیے اہم قرار دیا ہے۔ تاہم معاشی استحکام اور معاشی ترقی ایک ہی چیز نہیں۔ استحکام کا مطلب یہ ہے کہ معیشت قرضِ بحران، ادائیگیوں کے شدید دباؤ اور بے قابو مالیاتی عدم توازن سے نکل آئے۔ ترقی اس کے بعد شروع ہوتی ہے۔ اگر روپے میں استحکام ہو، مہنگائی قابو میں ہو اور زرمبادلہ کے ذخائر بہتر ہوں لیکن روزگار، برآمدات، صنعتی پیداوار اور نجی سرمایہ کاری مطلوبہ رفتار سے نہ بڑھیں تو اسے مکمل معاشی کامیابی نہیں کہا جا سکتا۔ پاکستان کو اب اسی دوسرے مرحلے میں داخل ہونا ہے۔ لندن میں عالمی مالیاتی اداروں کو سرمایہ کاری کی دعوت دینا ضروری ہے، لیکن اس سے بھی زیادہ ضروری یہ ہے کہ پاکستان کے اندر سرمایہ کاری کے لیے وہ ماحول پیدا کیا جائے جس میں کسی غیر ملکی یا مقامی سرمایہ کار کو یہ اعتماد ہو کہ پالیسی چند ماہ بعد تبدیل نہیں ہوگی۔ بلیک راک کے ساتھ ہونے والی گفتگو میں بھی پالیسی تسلسل کو سرمایہ کار اعتماد کے لیے اہم قرار دیا گیا۔ اس مقصد کے لیے سیاسی استحکام و معاشی پالیسی میں تسلسل، ٹیکس نظام کی سادگی، توانائی کی قیمت میں کمی، صلاحیتی اور گورننس میں تیزی، برآمدی صنعت کے لیے مسابقتی ماحول، سرکاری اداروں کی اصلاح اور انسانی سرمائے پر زیادہ سرمایہ کاری ناگزیر ہے۔ صحت اور تعلیم کے شعبوں میں اخراجات بڑھانے کی ضرورت بھی اسی لیے اہم ہے کہ طویل مدت میں معیشت صرف مالیاتی نظم وضبط سے نہیں بلکہ جز مند اور صحت مند افرادی قوت سے مضبوط ہوتی ہے۔ حکومت کے لیے سب سے بڑا امتحان یہ ہوگا کہ استحکام کو عام آدمی کی زندگی میں بھی محسوس ہونے والی بہتری میں تبدیل کیا جائے۔ سرمایہ کاری اعتماد اپنی جگہ، لیکن معاشی پالیسی کا آخری پیمانہ روزگار، حقیقی آمدن، کاروباری سرگرمی، سستی اور قابل اعتماد توانائی اور بنیادی سہولتوں تک رسائی ہے۔ اگر اصلاحات کا فائدہ صرف مالیاتی اعداد و شمار تک محدود رہا تو ان کی سیاسی اور سماجی پائیداری کمزور ہو سکتی ہے۔ لندن میں بڑے مالیاتی اداروں سے ملاقاتیں اس لحاظ سے ایک اہم موقع ہیں۔ پاکستان کو عالمی سرمایہ چاہیے، لیکن اس سے پہلے عالمی سرمایہ کار کو یہ یقین دلانا ہوگا کہ پاکستان اب عارضی معاشی انتظام کے بجائے مستقل اصلاحات کی طرف بڑھ رہا ہے۔ حکومت کے بعض اقدامات سے استحکام کے آثار ضرور نمایاں ہوئے ہیں، مگر منزل ابھی باقی ہے۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ بحران سے نکلنے کے بعد اصلاحات کی رفتار کم نہ ہو بلکہ بڑھائی جائے۔

صومالیہ: یرغمال جہاز پر موجود تین پاکستانیوں کی شہادت

صومالیہ میں یرغمال جہاز پر آپریشن کے دوران قزاقوں کی فائرنگ سے 3 پاکستانیوں سمیت 5 افراد جاں بحق ہو گئے ہیں۔ واضح رہے کہ پاناما کے پرچم بردار کارگو جہاز 21 اپریل 2026 کو صومالی قزاقوں نے عملے کے 17 افراد سمیت یرغمال بنا لیا تھا جن میں 10 پاکستانی بھی شامل تھے۔ عملے کے افراد کی رہائی کے لئے پاکستان میں ان کے رشتہ داروں نے حکومت سے بارہا اپیلیں کیں اور اپنی آواز بلند کرنے کے لئے احتجاج بھی کیا۔ بدقسمتی سے مذاکراتی اقدامات دعووں اور وعدوں تک ہی محدود نہیں رہے بلکہ احتجاج کرنے والوں کو پولیس کی جانب سے ہراساں کرنے کی شکایات بھی آئیں۔ قزاقوں کی جانب سے جہاز پر قبضے کا یہ پہلا واقعہ نہیں۔ ماضی میں اس قسم کے متعدد واقعات ہو چکے ہیں اور عالمی سطح پر یرغمالیوں کو بازیاب کروانے کے لئے متاوان کی ادائیگی کا طریقہ کار موجود ہے جس میں متاوان کا ایک حصہ جہاز کی مالک کمپنی ایک انشورنس کمپنی اور جہاز جس ملک کی ملکیت ہو، ادا کرتے رہے ہیں۔ یرغمال پاکستانیوں کے رشتہ داروں کی تمام تر کوششوں کے باوجود حکومت انسانی ہمدردی پر کوئی قابل ذکر اقدام نہ کر سکی اور نتیجہ آپریشن کے دوران تین پاکستانیوں سمیت 5 افراد جاں بحق ہو گئے۔ بہتر ہو گا حکومت فوری طور پر یرغمالیوں کو عالمی قوانین کے تحت ملنے والی امداد کے علاوہ اپنی جانب سے بھی مالی امداد فراہم کرے تاکہ جاں بحق افراد کے لواحقین کی کچھ دادرسی ممکن ہو سکے۔

ٹیکنالوجی کا عفریت

دنیا میں بیشتر لوگوں نے لڑکپن کے دوران اپنی نانی اماں یا دادی جان سے بے شمار بار یوں سنا ہوگا کہ بیٹا، جتنی بھی چالاکیاں سیکھ لو، آخر میں جو آپ نے سنا اور ایک تمثیل بنا کر ذہن میں بٹھا لیا اب اگر وہی تمثیل حقیقت کا روپ دھار کر آپ کے سامنے آن کھڑا ہو تو پھر کیا لگے گا بھیئہ؟ جو باتیں پہلے تمثیل تھا محض خواب و خیال تھیں آج وہ بھیانک تعبیریں کر ہمارے سامنے آنے والی ہیں یعنی اس کا آسان اور سادہ مطلب ہے دنیا کا سکون تہہ و بالا ہونے والا ہے۔ بہت سے ماہرین پریشان ہیں کہ دنیا کیا سے کیا ہو جائے گی تو پھر کیا ہوگا اس پریشانی کے شدید خطرات ہیں کہ کروناوائرس کی ویکسین کی آمد سے دنیا نے کھلے گلے کھلونے کی جشن بندی جاری ہے پہلے محض خیال تھا اب یقین ہوتا جا رہا ہے کہ اس پوری تجربہ گاہ کے پیچھے سیموئی دماغ کام کر رہا ہے جو ہر قیمت پر دنیا کو مکمل تسلط کے زیر نگیں کرنا چاہتا ہے اس سلسلہ کا پہلا پروجیکٹ 5G کہا جا رہا ہے کیونکہ 5G ٹیکنالوجی سے جو لاک ڈاؤن کے دوران دنیا کے بیشتر ممالک میں چلتے سے چلائی جا رہی ہے۔ عالمی میڈیا کو اس کی بریفنگ سے روکا گیا ہے۔ میڈیا یا آج کل 5G کے متعلق کوئی خبر نہیں ملتی ہے۔ جب لندن میں مکمل لاک ڈاؤن تھا لندن وہاں 5 جی ٹیکنالوجی کا عملہ پھر بھی دن رات کام کر رہا تھا اور نصب کرنے میں مصروف رہا جس کا مطلب ہے دال میں کچھ کالا ہے یا پھر ساری دال ہی کالی ہے۔ کہا یہ جا رہا ہے کہ 5G دنیا میں رازداری ختم ہو جائے گی مالی طاقتیں جب چاہیں گی ہر قسم کی پوشیدہ معلومات سے آگاہ ہو جائیں گی اور ان کا مطلق پتہ بھی نہیں چلے گا یا پھر اندر رکھاتے ان کو قائلین کو فروخت بھی کیا جا سکتا ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کوئی ملک ایک بیگ بار اڈاکٹ لانچ کرنے والا ہو 5G کی ٹیکنالوجی کی بدولت اس سے بہتر پراڈاکٹ مارکیٹ میں متعارف کروا دی جائے، یا پھر کچھ ناظرین ذہن VVIP کی جیبیں بنا کر ان کو بلیک میل کر کے اپنے مفادات حاصل کر سکتے ہیں دنیا میں شخصیات یا ملکوں کے درمیان خفیہ معاہدے اب خفیہ نہیں رہیں گے لیکن عوامی سطح پر اسے لانے کا بہت زیادہ سیاسی نقصان بھی ہونے کا احتمال ہے کیونکہ اس ٹیکنالوجی کی شعاعیں انسانی دماغ کے لیے انتہائی خطرناک ہیں، ماہرین کے مطابق 5G سنٹرز میں رہنے والا انسان ایسا ہوگا جیسے اسکا دماغ مائیکرو ویو اوون میں پڑا ہوا ہو۔ یہ انسان کو مختلف ذہنی بیماریوں کا شکار کر دے گی لیکن سیموئی خفیہ ہاتھ کو اس کی پروا نہیں کہ انسانوں کے دماغ پر کیا بیتتی ہے انہیں صرف پوری دنیا کو اپنا غلام بنانے سے غرض ہے اور اسی کی تیز ترین رفتار ہے جو اگر کسی حادثے میں لاک ڈاؤن (انسداد) کر دی جائے تو اس پورے ای یا گوایک "سپر کمپیوٹر" کے ذریعے ہر وقت کہیں چھپ کر دیکھا جا سکے گا حتیٰ کہ کائناتی فرد ایرا نہیں بچے گا جس کی جاسوسی ممکن نہ ہو۔ موبائل سے لیکر ٹی وی، اسمارٹ ٹی وی یا اسمارٹ ای ڈی، فرج، آٹو پارٹس اور گھر کی تمام اشیاء میں نصب چھوٹے خفیہ کیمروں کے ذریعے چوبیس گھنٹے ہر فرد کی جاسوسی ممکن ہو جائے گی۔ مختصر سطح پر یہ کام پہلے ہی دنیا کی بڑی افواج کرتی رہی ہیں یعنی انسانوں، اداروں، کاروبار، حکومت حتیٰ کہ حکومتوں کی رازداری ختم ہو جائے گی مالی طاقتیں جب چاہیں گی



'رات، چراغ، ہوا اور میں' - مرزا سکندر بیگ کا شعری سفر



صدا بصحرا

رفیع صحرائی

rafisehraee5586@gmail.com

بعض شعری مجموعے پڑھے نہیں جاتے، محسوس کیے جاتے ہیں۔ ان کے اوراق الٹتے ہوئے قاری کو یوں لگتا ہے جیسے وہ کسی شاعری کی کتاب نہیں بلکہ اس کے باطن کی کھڑکیاں کھول رہا ہو۔ مرزا سکندر بیگ کا تیسرا شعری مجموعہ "رات، چراغ، ہوا اور میں" بھی ایسی ہی کتاب ہے۔ اس کا عنوان ہی ایک مکمل شعری منظر نامہ تشکیل دیتا ہے:

دیر تلک جھا تھا رہے
رات، چراغ، ہوا اور میں

رات، چراغ، ہوا اور "میں" یہاں محض چار الفاظ نہیں بلکہ انسانی وجود کی پوری کیفیتیں ہیں۔ رات تنہائی اور بھر حالات ہے، چراغ امید اور مزاحمت، ہوا گردش زمانہ اور "میں" ان سب کے درمیان کھڑا ہوا انسان۔ یہی چار استعارے پوری کتاب کی فکری فضا کو سمجھنے کی کلید فراہم کرتے ہیں۔

سکندر بیگ کے ہاں رات محض اندھیرا نہیں بلکہ باطن سے ملاقات کا وقت ہے، چراغ محض روشنی نہیں بلکہ ناامیدی کے مقابل انسانی عزم ہے اور ہوا صرف موسم کی حرکت نہیں بلکہ وقت کے مسلسل بدلتے ہوئے رویوں کا استعارہ بن جاتی ہے۔

کتاب کا آغاز بھی اسی داخلی اور روحانی فضا سے ہوتا ہے:

خالی ہاتھ رہا اور میں
پاک کلام پڑھا اور میں

یہاں شاعری خود احتسابی کا ایک اور پہلو سامنے آتا ہے۔ وہ محض عاشق، رنجیدہ انسان یا معاشرتی مسائل کا نوحہ گر نہیں بلکہ اپنی روحانی روایت سے جڑا ہوا شخص بھی ہے۔ حمدیہ اشعار میں خدا کی رحمت اور اس کی شفقت پر بھروسے کا اظہار ملتا ہے، جبکہ نعتیہ اشعار میں عشق رسول ﷺ اور محبت سے وابستگی ابھرتی ہے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ شاعر کے فکری وجود میں جدید زندگی کے سوالات کے ساتھ مذہبی اور تہذیبی روایت بھی پوری قوت سے موجود ہے۔

سکندر بیگ کی شاعری کا ایک اہم وصف سادگی میں معنویت ہے۔ وہ مشکل اور پیچیدہ الفاظ کے اظہار سے شعر کی عظمت ثابت کرنے کے بجائے روزمرہ زبان میں بڑے سوال اٹھاتے ہیں:

بولنا ہے سکوت کرے میں
گفتگو بھی کمال ہے بھائی

"سکوت" کو "گفتگو" میں بدل دینا شاعر کے فنی شعور کی عمدہ مثال ہے۔ مزید یہ کہ "بھائی" جیسے عام بول چال کے لفظ کا استعمال شعر کو بھی ادبی فضا سے نکال کر قاری کی روزمرہ زندگی کے قریب لے آتا ہے۔ یہی بے تکلفی ان کے اسلوب کی نمایاں شناخت ہے۔

ان کی شاعری میں غم جہاناں اور غم دوراں ایک دوسرے سے الگ نہیں۔ ذاتی بے قراری اجتماعی اضطراب میں بدل جاتی ہے اور محبوب کی جدائی کے ساتھ شہر، معاشرے اور زمانے کا دکھ بھی شاعر کے دل میں اتر تا ہے:

جوکبھی اور دنے گزاری ہے
ہاں وہی زندگی ہماری ہے
بعد تیرے دل پریشاں میں
بے قراری سی بے قراری ہے

لیکن اسی غزل کی دوسری بیت یہ سوال بھی اٹھاتی ہے:

کون دے گا اماں یہ دردوں کو
شہر کا شہر جب شکاری ہے

یہاں غم جہاناں وسیع ہو کر غم مخلوق اور غم زمانہ بن جاتا ہے۔ یہ دکھ محض پڑھنے نہیں رہتے بلکہ بے آسرا انسانوں، معصوم خوابوں اور سکڑتی ہوئی فکری دنیا کی علامت بن جاتے ہیں۔ اسی احساس کی ایک خوب صورت صورت گری یوں بھی ہوئی ہے:

بھول گئی ہیں چڑیاں رستہ آنگن کا
ایسا کرتے ہیں کچھ پیڑ اکاتے ہیں

یہ شعر شاعر کے فطرت سے رشتے اور اس کے مثبت شعور کا مظہر ہے۔ وہ احتجاج کے ساتھ تعمیر کی خواہش بھی موجود ہے، شکاری کو کاٹنے کے ساتھ پیڑ لگانے کی تجویز بھی ہے۔

سکندر بیگ کے ہاں محبت بھی محض رومانوی واردات نہیں بلکہ ایک اخلاقی اور تہذیبی قدر ہے۔ وہ محبت کے نام پر ہونے والی مصنوعی معاشرتی تجارت کو بھی پہچانتے ہیں:

لوگ کرتے ہیں جو دنیا میں محبت آج کل
یہ تجارت ہے سراسر یہ محبت تو نہیں

یہاں شاعر کا لہجہ محض عاشقانہ نہیں بلکہ اپنے عہد کے رویوں پر ایک خاموش تبصرہ بھی بن جاتا ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں ان کی شاعری ہجر، دوراں اور غم جہاناں کو ایک ہی شعری دھارے میں سمو لیتی ہے۔

ان کے شعری مزاج میں اسلوب اور تہذیبی روایت سے وابستگی بھی نمایاں ہے۔ شاعر اپنے ماضی کو محض یاد نہیں کرتا بلکہ اسے اپنی شناخت کا حصہ سمجھتا ہے:

میراث گھوڑوں، جوا جدادی ہاتھوں سے
دنیا میں انہیں شان اسلاف نہیں مٹا

یہ شعر تہذیبی حافظے کی اہمیت اجاگر کرتا ہے۔ سکندر بیگ کے ہاں ترقی کا مطلب اپنی جڑوں سے انکار نہیں، بلکہ اپنی میراث کو محفوظ رکھتے ہوئے زمانے کے ساتھ چلنا ہے۔ یہی احساس ان کی شاعری کو اپنے عہد سے ہم آہنگ بھی کرتا ہے اور اسے روایت سے مربوط بھی رکھتا ہے۔

ان کے ہاں سیاسی و معاشرتی جبر کے خلاف مزاحمت بھی دکھائی دیتی ہے:

یاد وں کی کبھی بیعت نہیں کرنی
عقل کو شہر سے مقفل سمجھا ہے

یہاں کربلا کا تاریخی اور مذہبی استعارہ عہد حاضر کے جبر کے خلاف مزاحمت کی علامت بن جاتا ہے۔ اسی طرح بارود، اجڑے ہوئے اشجار، بے گھر پرندے، عورتوں پر ہونے والے مظالم اور اجتماعی بے حسی ان کے شعری شعور کو محض ذاتی واردات تک محدود نہیں رہنے دیتے۔

شرم آتی نہیں بے ضمیر وتمہیں
عورتوں کو گھروں سے اٹھاتے ہوئے

تاہم سکندر بیگ کی شاعری کا ایک اور اہم پہلو کائناتی حیرت اور مابعد الطبیعیاتی تجسس بھی ہے:

آخری آسمان سے آگے
کون ہے لامکان سے آگے

اور بھی کائنات ہے کوئی
آدمی کے گمان سے آگے

یہاں شاعر کا ذہن معلوم سے نامعلوم کی طرف سفر کرتا ہے۔ "گمان سے آگے" اور "لامکان سے آگے" کی ترکیبیں اس کے فکری افق کو وسعت دیتی ہیں اور اردو کی صوفیانہ روایت سے ایک معنوی رشتہ قائم کرتی ہیں۔ فنی اعتبار سے ان کی شاعری میں روانی، ترنم، صوتی مناسبت، سادہ تشبیہات، مکالماتی لہجہ، تعداد، استعارہ اور علامت کا خوب صورت امتزاج ملتا ہے۔ غزل، نظم، قطعہ اور رباعی، تمام اصناف میں ان کا بنیادی وصف یہی ہے کہ شعر قاری سے براہ راست ہم کلام ہوتا ہے۔ ان کے ہاں "میں" محض شاعر کا ذاتی وجود نہیں رہتا بلکہ وہ اجتماعی انسان کا استعارہ بن جاتا ہے۔ یوں "رات، چراغ، ہوا اور میں" کا مجموعہ صرف اشعار کا مجموعہ نہیں بلکہ ایک مکمل شعری منظر نامہ ہے۔ یہ کتاب ان قارئین کی تشنگی بجھائے گی جو ایسی شاعری پڑھنا چاہتے ہیں جو سطح سے نیچے اتر کر انسان کے باطن کو چھوئے۔ سکندر بیگ کا یہ مجموعہ اس لحاظ سے ایک اہم اضافہ ہے۔

شوبز SHOWBIZ



اداکار عامر خان کا پہلی مرتبہ سپر ہیرو کا کردار نبھانے کا امکان



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف اداکار عامر خان کا پہلی مرتبہ سپر ہیرو کا کردار نبھانے کا امکان ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق اداکار عامر خان سے ہدایت کار آر بالکی کی سپر ہیرو فلم میں کام کرنے کے لیے ابتدائی مرحلے میں بات چیت جاری ہے۔ فلم کو ساجد نڈیاڈوالا پروڈیوس کریں گے جبکہ اس کی اسکرپٹ پر فی الحال کام جاری ہے، عامر خان اور فلمسازوں کے درمیان بات چیت ابھی ابتدائی مرحلے میں ہے۔ واضح رہے کہ عامر خان کسی بھی فلم میں کام کرنے سے قبل مکمل اور مضبوط اسکرپٹ پڑھنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ توقع ہے کہ فلم ساز آئندہ چند ماہ کے دوران بات چیت کو آگے بڑھائیں گے اور اداکار کے سامنے مکمل اسکرپٹ اور اسکرپٹ پڑھ پیش کریں گے۔ اگر سب کچھ منصوبے کے مطابق آگے بڑھا تو یہ ان کی پروڈیوسر ساجد نڈیاڈوالا اور ہدایت کار آر بالکی کے ساتھ پہلی فلم ہوگی۔ یاد رہے کہ عامر خان کی آخری بلاک اسٹر فلم دنگل تھی جو 2016 میں ریلیز ہوئی، 2017 میں ریلیز ہونے والی سیکریٹ سپر اسٹار نے بھی شاندار کامیابی حاصل کی تھی۔ 2025 میں ریلیز ہونے والی ستارے زمین پر نے بھی باکس آفس پر کامیابی حاصل کی تھی۔ کام کے محاذ پر عامر خان ہدایت کار آشوتوش گوواریکر کی فلم لگان میں کام کر رہے ہیں۔۔۔۔

ایمان اسد اپنا یوٹیوب چینل لانچ کرنے کیلئے تیار، ایمان اسد کو ماضی میں رجب بٹ کے فیملی ولاگز کے ذریعے خاصی مقبولیت حاصل ہوئی تھی

لاہور (این این آئی) معروف یوٹیوبر رجب بٹ کی سابق اہلیہ ایمان اسد نے سوشل میڈیا پر آزادانہ طور پر کی شروعات کرنے کا فیصلہ کر لیا اور وہ جلد اپنا یوٹیوب چینل لانچ کرنے والی ہیں۔ ایمان کے بھائی حمزہ شیخ نے سوشل میڈیا پر اس حوالے سے اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ ان کی بہن کا یوٹیوب چینل آئندہ ایک سے دو روز میں تیار ہونے کی توقع ہے۔ انہوں نے اپنے فالوورز سے ایمان کو بھی اسی طرح محبت اور سپورٹ دینے کی درخواست کی۔ ایمان اسد کو ماضی میں رجب بٹ کے فیملی ولاگز کے ذریعے خاصی مقبولیت حاصل ہوئی تھی، تاہم بعد ازاں ان کی ویڈیوز میں موجودگی کم ہو گئی تھی۔ اب اپنے یوٹیوب چینل کے ذریعے ایمان کیلئے مرجہ اپنی پرند کے مطابق آزادانہ کانٹنٹ بنا سکیں گی، تاہم چینل کے نام، پہلی ویڈیو اور کانٹینٹ کی نوعیت سے متعلق تفصیلات فی الحال سامنے نہیں آ سکیں۔

☆☆☆☆

صحت کیلئے مشورے ڈاکٹرز سے نہیں، اے آئی سے لیتی ہوں، ہالی ووڈ اداکارہ ہیلن میرن

لاس اینجلس (این این آئی) 81 سالہ معروف ہالی ووڈ اداکارہ ہیلن میرن نے انکشاف کیا ہے کہ وہ صحت سے متعلق مشورہ لینے کے لیے ڈاکٹرز کے پاس جانے کے بجائے مصنوعی ذہانت (اے آئی) سے مدد لیتی ہوں۔ ہیلن میرن نے ٹورنٹو انٹرنیشنل فلم فیسٹیول کے دوران اپنی نئی فلم اے ٹیلنٹ فار مرڈر کے پریمیئر ایونٹ کے دوران اپنے انٹرویو میں بتایا کہ میں صحت کے معاملے میں اپنے ساتھی اداکاروں کے برعکس بہت کم فکر مند رہتی ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ میں ڈاکٹرز کے پاس جانے سے مکمل طور پر گریز کرتی ہوں اور جب صحت سے متعلق کوئی سوال پوچھنا ہو تو اے آئی سے مدد لیتی ہوں۔ اداکارہ نے اے آئی کو حیرت انگیز قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسے آئی صحت سے متعلق معمولی مسائل کے بارے میں معلومات فراہم کرنے میں مدد گار ہے۔

بہت کم ایسے گلوکار آئے اور اپنے پہلے ہی میوزک ٹریک سے دنیا بھر میں مشہور ہو گئے

کھلیاں خاص (این این آئی) پاکستانی موسیقی میں بہت کم ایسے گلوکار آئے اور اپنے پہلے ہی میوزک ٹریک سے دنیا بھر میں مشہور ہو گئے ان کا انداز نگلی ان کی پہچان بن گیا۔ پاکستانی موسیقی کے ڈیجیٹل منظر نامے میں نوی جٹ ایک ایسے ابھرتے ہوئے آزاد فنکار کے طور پر سامنے آئے ہیں جنہوں نے اپنی منفرد آواز، جدید پنجابی موسیقی کے انداز اور مسلسل تخلیقی سرگرمیوں کے ذریعے سامعین میں اپنی الگ پہچان بنائی ہے۔ نوی جٹ نے روایتی موسیقی کی صنعت کے بڑے پلیٹ فارمز پر انحصار کرنے کے بجائے اپنی موسیقی کو ڈیجیٹل ذرائع اور موسیقی کے آن لائن پلیٹ فارمز کے ذریعے سامعین تک پہنچایا۔

سلمان خان کے باڈی گارڈ شیرا کا بیٹا بالی ووڈ میں انٹری کیلئے تیار



